بسم اللہ الرحمن الرحیم

# من و سلویٰ کی وضاحت

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیانِ شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں من و سلویٰ کیا ہے؟ اس کے متعلق تفصیل بتا دیں۔

## جواب

اکثر مفسرین کے مطابق "من" سے مراد "ترنجبین" ہے۔ اور سلوی سے مراد بٹیر یا بٹیر کی مثل کوئی پرندہ ہے۔

اور "ترنجبین" ایک قسم کی شکر، جو خراسان میں اکثر درخت جواسا یا اونٹ کٹارے کے کانٹوں پر شبنم کی طرح گر کر جم جاتی ہے، مسہل میں اکثر کام آتی ہے۔

تفسیر جلالین میں ہے "{المن والسلوی} هما الترنجبين والطير السماني "ترجمہ: من و سلوی سے مراد ترنجبین اور بٹیر نامی پرندہ ہے۔ (تفسیر جلالین، صفحہ 26، مکتبۃ المدینۃ، کراچی)

تفسیر نسفی میں ہے "{المن} الترنجبين وكان ينزل عليهم مثل الثلج من طلوع الفجر إلى طلوع الشمس لكل إنسان صاع {و السلوى}۔۔۔ وهي السماني "ترجمہ: من، ترنجبین ہے اور یہ برف کی طرح ان پر طلوع فجر سے طلوع آفتاب تک ہر شخص کے لیے ایک صاع (تقریبا چار کلو) اترتا تھا اور سلوی سے مراد بٹیر ہے۔ (تفسیر نسفی، جلد 1، صفحہ 91، مطبوعہ: بیروت)

تفسیر خازن میں ہے "الأكثرون على أن المن هو الترنجبين وقيل: هو شيء كالصمغ يقع على الشجر طعمه كالشهد. وقال وهب: هو الخبز الرقاق، وأصل المن هو ما يمن الله به من غير تعب۔۔۔ السلوى، وهو طائر يشبه السماني وقيل هو السماني بعينه فكان الرجل يأخذ ما يكفيه يوما وليلة، فإذا كان يوم الجمعة يأخذ ما يكفيه ليومين لأنه لم يكن ينزل يوم السبت شيء "ترجمہ: اکثر مفسرین کے نزدیک "مَن" سے مراد ترنجبین ہے۔ اور کہا گیا ہے کہ یہ گوند کی مانند ایک چیز تھی، جو درختوں پر گرتی تھی اور اس کا ذائقہ شہد جیسا میٹھا ہوتا تھا۔ حضرت وہب رحمہ اللہ نے فرمایا کہ اس سے مراد باریک روٹی ہے۔ "مَن" کی اصل ہر وہ نعمت ہے جو اللہ تعالیٰ بغیر کسی مشقت اور محنت کے عطا فرمائے۔ "سلوٰی" ایک پرندہ تھا جو بٹیر سے مشابہ تھا، بلکہ بعض اہلِ علم کے نزدیک وہ بعینہٖ بٹیر ہی تھا۔ ہر شخص اس میں سے اتنا ہی لے لیتا تھا جو ایک دن اور ایک رات کے لیے کافی ہو۔ البتہ جمعہ کے دن وہ دو دن کی ضرورت کے مطابق لے لیتا تھا، کیونکہ ہفتے کے دن ان پر کچھ نازل نہ ہوتا تھا۔ (تفسیر خازن، جلد 1، صفحہ 47، 48، دار الکتب العلمیۃ، بیروت)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: ابو حفص مولانا محمد عرفان عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-5289

تاریخ اجراء: 02صفر المظفر1448ھ/17جولائی2026ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com

daruliftaahlesunnat

DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat

feedback@daruliftaahlesunnat.net